اسپتال اور سماجی صحت کی خدمات کیلئے تجویز کردہ مستقبل کے انتظامات پر عوامی مشاورت

خلاصہ

اپنی رائے

دیں

سروے کی تفصیلات کے لئے عقبی صفحہ ملاحظہ کریں۔

اختتام کی تاریخ 21 جون 2016۔

www.rightcaretimeplace.co.uk

ہم کون ہیں:

ہم NHS کالڈرڈیل اور NHS گریٹر ہڈرسفیلڈ کلینکل کمیشننگ گروپس (CCGs) ہیں۔ ہم مقامی تنظیمیں ہیں جو آپ کے علاقے میں پلان بنانے اور صحت کی خدمات خریدتی ہیں۔ تنظیم GPs اور NHS اسٹاف پر مشتمل ہے۔ ایک ساتھ مل کر ہم نگہداشت صحت کی خدمت تخلیق کرنے کی کوشش کرتے ہیں جو حال اور مستقبل میں سب کے لئے کام کرتی ہے۔

ہمیں بتائیں کہ آپ کیا سوچتے ہیں

ہم جاننا چاہیں گے کہ کیا آپ کالڈرڈیل اور ہڈرسفیلڈ میں اسپتال اور سماجی خدمات کو تبدیل کرنے کے بارے میں ہمارے مجوزہ پلانز کے متعلق کیا سوچتے ہیں۔

جو مجوزہ تبدیلیاں ہم کرنا چاہتے ہیں یہ کتابچہ ان کے بارے میں بیان کرتا ہے۔ ہم کوئی بھی تجویز کردہ تبدیلیاں چاہتے ہیں جو ہم اسپتال اور سماجی صحت کی نگہداشت کو محفوظ تر اور بہتر بنانے میں مدد کرنے کے لئے کرتے ہیں۔

ہماری مجوزہ تبدیلیوں کے بارے میں پڑھ لینے کے بعد ہم جاننا چاہتے ہیں کہ آپ کیا سوچتے ہیں۔

- کیا کوئی ایسی چیز بھی ہے جو ہم سے رہ گئی ہے؟

- آپ کے پاس کوئی دوسرا خیال/مشورہ؟

ہم چاہتے ہیں کہ آپ ہمارے سروے فارم کو پر کرنے سے اپنی رائے کا اظہار کریں؛ تمام تفصیلات صفحے کی پشت پر درج ہیں۔

* Hospital services for people living across these two CCG areas, at CRH and HRI, are managed by Calderdale and Huddersfield NHS Foundation Trust



ہم کیا کر رہے ہیں

ہمارے اسپتال اور سماجی خدمات کو تبدیل کرنا نہایت اہم ہے؛ ہم اسے ابھی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ ہم جاننا چاہتے ہیں کہ آپ ہمارے فراہم کردہ کچھ خدمات کے طریقہ کار کی تبدیلی کے لئے منصوبوں کے بارے میں کیا سوچتے ہیں۔

گزشتہ چند سالوں میں ہم نے مقامی لوگوں، گروہوں اور تنظیموں کی صلاح لی ہے اور ہم نے ان سے پوچھا ہے کہ ہمیں مقامی اسپتال اور سماجی صحت کی خدمات کو کس طرح بہتر بنانا چاہیے۔

صحت کے ماہرین نے اسپتال اور اس کی خدمات میں دو آزاد جائزے مکمل کر لئے ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ اس کتابچے کو پڑھنے کے بعد آپ سمجھ جائیں گے کہ ہم نے اسپتال اور کمیونٹی کی خدمات کو تبدیل کرنے کی تجویز کیوں پیش کی ہے اور حال اور مستقبل میں اس کے کیا فوائد ہو سکتے ہیں۔

اس کے علاوہ ہم نے کیا سوچا تھا؟

ہم اپنے مجوزہ پلان کے ساتھ دیگر اختیارات پر غور کئے بغیر نہیں آئے تھے۔ ہم نے مریضوں کے لئے صحت کی خدمات کو درست کرنے کے بارے میں سوچا کہ ہم کس طرح انہیں بہتر بنا سکتے ہیں اور اس بات کو یقینی بنایا کہ وہ مستقبل کے لئے تیار تھے۔

ہم نے 11 متبادل اختیارات کے ساتھ شروع کیا۔ ان متبادل اختیارات کی دریافت کے بعد، ہمیں 5 ایسے ملے جن پر ہم نے مزید تفصیل سے سوچنا چاہتے تھے۔ ہم نے بہترین اختیارات کی تلاش کے

لئے پانچ ٹیسٹ اور 'معیار کی کسوٹی' کا استعمال کرتے ہوئے ہر ایک متبادل پر نظر ڈالی۔

اگلے صفحے پر جدول سے پتہ چلتا ہے کہ ہماری تین متبادل کی مختصر فہرست نے معیار کے خلاف کس طرح سے اسکور کیا ہے۔

جو معیار ہم نے استعمال کیا	اس کا کیا مطلب ہے	1: موجودہ خدمات میں معمولی تبدیلیاں کریں	2: کالڈرڈیل رائل اسپتال میں ہنگامی مرکز	3: ہڈرسفیلڈ رائل انفرمری میں ہنگامی مرکز
نگہداشت کا معیار	اس سے ہماری نگہداشت کے ایک اچھے معیار کو پورا کرنے میں مدد ملے گی	X	✓	✓
نگہداشت تک رسائی	مریض صحیح جگہ میں صحیح وقت پر صحیح نگہداشت حاصل کرنے کے قابل ہوں گے	✓	✓	✓
پیسے کی قدر	ہم اپنے پیسے کا بہترین استعمال کر رہے ہیں اور ہم درکار نگہداشت کی گنجاش نکال سکتے	X	✓	X

	ہیں			
قابلِ سپُردگی اور پائیداری	منصوبہ اب اور مستقبل دونوں میں کام کرے گا	X	✓	✓
دیگر حکمت عملی کے ساتھ شریک انحصار	مجوزہ تبدیلی صحت اور سماجی نگہداشت کے دیگر منصوبوں کے ساتھ موافق ہو جاتی ہے۔	X	✓	✓

ہماری مجوزہ تبدیلیاں کیا ہیں؟

ہم یہ یقینی بنانے کیلئے ہر اسپتال میں سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں کہ وہ مستقبل کے لئے تیار ہیں۔

ہم ایک نئے ہنگامی مرکز کی تجویز پیش کر رہے ہیں، جس میں کالڈرڈیل میں بچوں کے لئے ایک ہنگامی مرکز شامل ہو گا، اور ہم ہڈرسفیلڈ رائل انفرمری کے قریب، لنڈلے، ہڈرسفیلڈ میں ایکر ملز سائٹ پر ایک نیا اسپتال تعمیر کرنا چاہتے ہیں۔ یہ اب پرانا ہو گیا ہے اور اسے معیار پر لانے کے لئے بہت محنت کی ضرورت ہے۔

ہم درج ذیل تبدیلیوں کی تجویز پیش کر رہے ہیں:

ایمرجینسی اور اشد ضروری نگہداشت: ہنگامی نگہداشت وہ نگہداشت ہے جو آپ کو زندگی کے لیے خطرناک حالت یا بیماری کے تئیں آپ کو دی جاتی ہے۔ یہ مریض عام طور پر ہنگامی ایمبولینس کے ذریعے اسپتال آتے ہیں یا اپنے GP کے ذریعے بھیجے جاتے ہیں۔

ہم کالڈرڈیل رائل اسپتال میں ایک واحد ہنگامی مرکز بنانے کی تجویز پیش کرتے ہیں۔

جو اس بات کو یقینی بنائے گا کہ انتہائی سنگین حالت یا زندگی کے لیے مہلک بیماری یا چوٹ لگنے والے مریض یا وہ جن کی حالت نازک ہو جاتی ہے اور ہنگامی حالت میں اسپتال جانے کی ضرورت ہوتی ہے، ایسے مریضوں کو بہترین جگہ پر اچھے صحت کے ماہرین سے علاج کرایا جاتا ہے۔

مریض تب بھی دیگر ہنگامی مراکز میں جائیں گے جیسا کہ دورہ دل اور سنگین فالج جیسے امراض کے لئے لیڈز۔

فوری نگہداشت: فوری نگہداشت وہ نگہداشت ہے جو آپ زندگی کے لیے کم خطرناک حالت یا بیماری میں حاصل کرتے ہیں۔

آپ ان چیزوں کے لئے ایک فوری نگہداشتی مرکز پر جا سکتے ہیں جیسے:

- ہڈی ٹوٹنے پر
- موچ آنا
- جل جانے کی صورت میں
- بیماری
- انفیکشنز

ہم ہڈرسفیلڈ میں کالڈرڈیل رائل اسپتال اور ایکری مل سائٹ میں فوری نگہداشتی مرکز تیار کرنے کی تجویز پیش کرتے ہیں۔ یہ مریضوں کی مدد کرتے ہوئے ڈاکٹروں اور ہنگامی نگہداشت نرسوں کے ساتھ، دن کے 24 گھنٹے ہفتے کے 7 دن کھلے رہیں گے۔

اس کا مطلب ہے کہ لوگ فوری درکار نگہداشت حالات میں اب بھی اپنے مقامی اسپتال میں جائیں گے، جو زندگی کے لیے خطرناک نہیں ہیں۔

زچگی: زچگی کی خدمات مڈ وائف نگہداشت کالڈرڈیل اور گریٹر ہڈرسفیلڈ دونوں اور کالڈرڈیل رائل اسپتال میں کنسلٹنٹ کی موجودگی میں زچگی کی خدمات کے ساتھ ایسی ہی برقرار رہیں گی۔

پیڈیاٹرکس (بچوں اور نوجوان لوگوں کی خدمات): کالڈرڈیل رائل اسپتال میں ایک پیڈیاٹرک ہنگامی مرکز پروپوزل میں شامل ہے تو بچوں کے لئے تمام طبی اور جراحی کی خدمات ایک ہی جگہ پر فراہم کی جائیں گی۔

منصوبہ بند نگہداشت: منصوبہ بند نگہداشت میں معمول کے آپریشز جیسے کولہے کی ہڈی کی بدل کاری اور دیگر غیر ہنگامی طریقہ کار شامل ہیں۔

ہم ہڈرسفیلڈ رائل انفرمری میں ایکر ملز سائٹ پر پلان کردہ نگہداشت کے لئے 10 آپریٹنگ تھیٹر اور 120 مریضوں کے بستر کے ساتھ ایک نئے اسپتال کی تیاری کی تجویز پیش کرتے ہیں۔ دونوں اسپتالوں میں ڈے سرجری، آؤٹ پیشنٹ کلینک اور علاج کی خدمات بھی ہوں گی۔

جیسا کہ ہنگامی کیسز کالڈرڈیل میں دیکھے جائیں گے، اس کا امکان بہت کم ہے کہ آپ کا منصوبہ بند آپریشن منسوخ کر دیا جائے گا یا کسی دوسرے مریض کو ہنگامی علاج کی ضرورت کے طور پر آخری منٹ کی وجہ سے تاخیر کا سبب بنے گا۔

سماجی خدمات: ہم نے کالڈرڈیل اور گریٹر ہڈرسفیلڈ دونوں میں پہلے ہی گھر کے قریب نگہداشت تیار کر لی ہے اور کمیونٹی میں نگہداشت حاصل کرنے میں لوگوں کی مدد کرتے

ہوئے زیادہ خدمات فراہم کرنے کا منصوبہ تیار کیا ہے جن کی انہیں گھر یا مقامی طور پر ضرورت ہوتی ہے۔

ہم اسپتال سے باہر اور کمیونٹی میں زیادہ سے زیادہ خدمات فراہم کرنا چاہیں گے اس سے ہم لوگوں کو خودمختار رہنے میں اور جب تک ایک سنگین بیماری یا چوٹ نہ لگی ہو، اسپتال جانے سے گریز کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔

چیزوں کو کیوں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے

ہمیں فراہم کی جانے والی خدمات کے طریقہ کار کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ تبدیلی نہ لانا ایک اختیار نہیں ہے۔

آبادی کو تبدیل کرنا

ہماری آبادی بڑھ رہی ہے اور زیادہ لوگ اب طویل مدتی حالات کے ساتھ رہ رہے ہیں، جیسے ذیابیطس، دل کا مرض اور دائمی سینے کی کیفیت۔ لوگوں کی صحت مند زندگی اور خود کی نگہداشت کرنے کے قابل ہونے اور اسپتال جانے کی ضرورت کے بغیر اپنی مدد حاصل کرنے میں جب تک انہیں ضرورت نہ ہو ہمیں ان کی معاونت کرنے کی ضرورت ہے۔

معیار اور حفاظت

ہمارا بنیادی مقصد اعلی ترین معیار اور محفوظ ترین خدمات فراہم کرنا ہے جتنا ہم کر سکتے ہیں۔

مریضوں کا کہنا ہے کہ وہ ہمیشہ اپنے علاج سے خوش نہیں ہیں اور دیگر اسپتالوں کے موازنے میں، بہت سے مریض زیادہ وقت تک ٹھہرتے ہیں جن کی انہیں ضرورت ہوتی ہے یا چھوڑنے کے بعد ایک ماہ میں اسپتال واپس چلے جاتے ہیں۔

ماہرین کی طرف سے قائم کردہ قومی 'طبی معیار' موجود ہیں، اسپتال کی خدمات کو محفوظ رکھنے کے لئے ان قوانین پر عمل کرنا ضروری ہوتا ہے۔ 'معیار' کا کہنا ہے کہ ایک کال پر کتنے ڈاکٹروں کی ضرورت ہوتی ہے یا ایک نرس ایک ہی وقت میں کتنے مریضوں کی نگہداشت کر سکتی ہے، اور بھی بہت سی دوسری چیزیں۔

ہماری خدمات میں سے کچھ ان قومی معیار کو پورا نہیں اترتیں اور ہمارے اسپتالوں میں مرنے والے مریضوں کی تعداد قومی اوسط کی نسبت زیادہ ہے۔

عملے کی کمی

ہمیں عملے کو تلاش کرنے اور رکھنے میں مسائل کا سامنا ہے، اور ہم کچھ خدمات میں قومی عملے رہنمائی کو پورا نہیں کرتے ہیں۔ کچھ ڈاکٹر اور نرسیں دو جگہوں پر کام کرنے کو پسند نہیں کرتے ہیں اور ہم عارضی عملہ پر انحصار کرتے ہیں جس پر بہت رقم صرف ہو سکتی ہے۔

رقم

یہ تبدیلیاں صرف رقم کے بارے میں ہی نہیں ہیں لیکن ہمیں ایک بہت ہی مشکل مالی صورتحال کا سامنا ہے اور اگر ہم تبدیل نہیں کرتے تو ہمارے پاس اپنی خدمات کی فراہمی کے لیے پیسے نہیں ہوں گے۔

اسکا مطلب ہے کہ ہم مسلسل حفاظت، اعلٰی معیار، پائیدار نگہداشت کی فراہمی کے لئے درکار بہتری کی استطاعت رکھنے کے قابل نہیں ہوں گے۔

ہماری مجوزہ تبدیلیاں لانے کے لئے ہمیں حکومت سے بہت زیادہ پیسے کی ضرورت ہو گی، اس کے بغیر تبدیلی نہیں ہو سکتی ہے۔

قومی تبدیلی

چیزیں صرف مقامی طور پر تبدیل نہیں ہو رہی ہیں؛ ایک ملکی رہنمائی بھی موجود ہے تاکہ پورے ملک کے اسپتال اپنے پاس موجود عملے، آلات وسائل کا بہترین استعمال کرنے کے لئے تبدیل کر رہے ہیں۔ ہماری مجوزہ پلان میں ہم مندرجہ ذیل ہدایت کو اپنائے ہوئے ہیں۔

مجوزہ مستقبل خدمت انتظامات

خدمات دونوں اسپتالوں میں دستیاب ہیں:

- بچوں اور بڑوں کے لئے بیرونی مریض خدمات
- علاج
- ڈے کیس سرجری
- دایہ کی قیادت میں زچگی یونٹ
- علم تشخیص

ہڈرسفیلڈ رائل انفرمری

فوری نگہداشت مرکز، دن میں 24 گھنٹے اور ہفتے کے 7 دن دستیاب ہے

- مشورہ اور ایک ملاقات کی بکنگ کے لئے تشریف لائیں یا NHS 111 پر کال کریں
- ڈاکٹروں اور ہنگامی نگہداشت طبیب کی طرف سے عملہ
- تمام مریضوں کے لئے معمولی زخم اور معمولی بیماری کی خدمت (فوری نگہداشت مرکز میں جانے کا مشورہ دینے سے پہلے s5 کے تحت پیڈیاٹرک شعبہ حادثات میں شرکت کرنے کی حوصلہ افزائی کی)
- ایکسرے اور خون کے ٹیسٹ سمیت، دستیاب تشخیص کی حد
- ماہرین سے مشورہ اور مدد کے لئے ہنگامی مرکز پر براہ راست لنک
- طبی دن کے کیسز
- عمل دروں بینی- پلان کردہ تشخیصی جانچ کے لئے

پلان کردہ اندرونی مریض – سرجری جس میں ہنگامی صورت حال میں کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے - 120 بستر اور دس آپریٹنگ تھیٹر۔

کیلڈرڈیل رائل ہسپتال

فوری نگہداشت مرکز، دن میں 24 گھنٹے اور ہفتے کے 7 دن دستیاب ہے:

- مشورہ اور ایک ملاقات کی بکنگ کے لئے تشریف لائیں یا NHS 111 پر کال کریں
- ڈاکٹروں اور ہنگامی نگہداشت طبیب کی طرف سے عملہ
- تمام مریضوں کے لئے معمولی زخم اور معمولی بیماری کی خدمت (فوری نگہداشت مرکز میں جانے کا مشورہ دینے سے پہلے 5s کے تحت پیڈیاٹرک شعبہ حادثات میں شرکت کرنے کی

حوصلہ افزائی کی گئی)

- ایکسرے اور خون کے ٹیسٹ سمیت، دستیاب تشخیص ٹیسٹ کی حد
- ماہرین سے مشورہ اور مدد کے لئے ہنگامی مرکز پر براہ راست لنک

ہنگامی مرکز:

- ماہر ڈاکٹرز، کنسلٹنٹس اور نرسیں دن میں 24 گھنٹے اور ہفتے کے 7 دن دستیاب ہیں
- ٹراما مرکز
- CT/MRI اسکیننگ کی 24 گھنٹے رسائی
- تشخیصی ٹیسٹ، ایکسرے، خون کے ٹیسٹ
- پیڈیاٹرک ہنگامی شعبہ/مرکز برائے اطفال

24 گھنٹے کنسلٹنٹ کی قیادت میں زچگی (اوبسٹیٹرکس)

اندرونی مریض **امراض بچگان**

شدید عمل دروں بینی – سنگین اندرونی خون نکلنے کے ساتھ مریضوں کے لئے

کورونری نگہداشت یونٹ

انتہائی نگہداشت یونٹ

ہنگامی سرجری کے لئے وقف تھیٹر اور آپریٹنگ ٹیم - شدید بیمار مریضوں کے لئے جنہیں سرجری کے بعد انتہائی نگہداشت میں جانے کی ضرورت ہو سکتی ہے

اپنی رائے کس طرح دینی ہے

- سروے آپ کی اپنی جی پی پریکٹس اور سماجی جگہوں کی طرح مقامی ایونٹس اور مقامات پر دستیاب ہو گا
- یہ سروے **www.rightcaretimeplace.co.uk** پر آن لائن بھی دستیاب ہے:
- اگر آپ کو سروے فارم پر کرنے میں مدد کی ضرورت ہے تو آپ **01484 464212** پر کال کر سکتے ہیں۔
- آپ سروے مکمل کر سکتے ہیں اور اسے ہمارے لئے واپس پوسٹ کرسکتے ہیں:

Freepost Plus

RTAA-XTHA-LGGC

Heron House

120 Grove Road

Fenton

Stoke on Trent

ST4 4LX

(ہمارے پاس سروے کا تجزیہ کرنے والی ایک آزادانہ تنظیم ہے)

برائے مہربانی یقینی بنائیں کہ آپ نے سروے مکمل کرلیا ہے اور درج ذیل وقت سے پہلے بھجوا دیا ہے: **نصف شب 21 جون 2016**

If you need this document in another language or another format such as large print or audio please call 01484 464212 or email rcrtrp.myview@nhs.net

Czech Potřebujete-li tento dokument v jiném jazyce nebo v jiném formátu, jako je například velký tisk nebo audio, zavolejte nám na čísle 01484 464212 nebo rcrtrp.myview@nhs.net

Hungarian Tisztelt Olvasó!

Ha szüksége van erre a documentumra más nyelven, vagy más formátumban mint például nagybetűs írás, vagy Audio-vizuális, kérjük forduljon hozzánk telefonon: 01484 464212, vagy jelentkezzen email-en: rcrtrp.myview@nhs.net

Köszönjük

Polish Jeśli wymagasz tego dokumentu w innym języku innym lub formacie, np: z dużym drukiem lub audio prosimy o kontakt 01484 464212 lub rcrtrp.myview@nhs.net

Urdu یہ دستاویز اگر آپ کو کسی دیگر زبان یا دیگر فارمیٹ جیسے بڑے حروف کی چھپائی یا آڈیو پر درکار

ہو تو برائے مہربانی نمبر **01484 464212** یا ای میل rcrtrp.myview@nhs.net پر رابطہ کریں ۔

ڈیٹا کا تحفظ: اس عمل کے دوران کسی ذاتی معلومات کا اشتراک نہیں کیا جائے گا، ہم ڈیٹا کے تحفظ کے قوانین کے مطابق عمل کریں گے۔ ذاتی معلومات کو بصیغہ راز رکھا جائے گا۔

یہ دستاویز NHS کالڈرڈیل اور NHS گریٹر ہڈرسفیلڈ *CCG* معلومات کی طرف سے تیار کی گئیں۔

مزید جاننے کے لئے ملاحظہ کریں: www.rightcaretimeplace.co.uk